# 5261 ـ حج میں استطاعت سے مراد کیا ہے

**سوال**

حج میں استطاعت کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حج کی بنسبت استطاعت یہ ہےکہ : حج کرنےوالا صحیح البدن ہو ، اوربیت اللہ تک جانے کے لیے مواصلات کا مالک ہویعنی ہوائي جہازیا گاڑي یا جانور وغیرہ یااس کا کرایہ ادا کرسکتا ہویہ اس کےحالات پرمنحصر ہے ، اورآنے جانے کے لیے زاد راہ کا بھی مالک ہوجواس کےگھریلواخراجات یعنی جن افراد کا نفقہ اس کے ذمہ ہے اس سے زائد ہونا چاہیے ، اورعورت کے ساتھ سفر حج یاعمرہ میں اس کا خاوندیا کوئي اورمحرم ہونا لازم ہے .